بدترین جھوٹ یہ ہے کہ انسان ایسی شے کے (خواب یا بیداری میں) دیکھنے کا دعوی کرے، جو اس کی آنکھوں نے نہ دیکھی ہو

عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ”بدترین جھوٹ یہ ہے کہ انسان ایسی شے کے (خواب یا بیداری میں) دیکھنے کا دعوی کرے، جو اس کی آنکھوں نے نہ دیکھی ہو“
[صحیح] [اسے امام بخاری نے روایت کیا ہے]

نبی ﷺ وضاحت فرما رہے ہیں کہ سب سے بڑا جھوٹ یہ ہے کہ انسان یہ دعوی کرے کہ اس نے کسی شے کو خواب میں یا حالت بیداری میں دیکھا ہے، جب کہ وہ اپنے اس دعوی میں جھوٹا ہو، کیونکہ اس نے کوئی شے دیکھی ہی نہیں نیند کی حالت میں دیکھنے سے متعلق جھوٹ حالت بیداری میں دیکھنے سے متعلق جھوٹ سے زیادہ بڑا ہے کیونکہ انسان خواب میں جو کچھ دیکھتا ہے، وہ دراصل فرشتے کے واسطے سے اللہ کی طرف سے ہوتا ہے چنانچہ اس حالت میں جھوٹ بولنا درحقیقت اللہ پر جھوٹ باندھنا ہے رہی پراگندہ خواب تو یہ شیطان اور انسان کے اپنے نفس کی جانب سے ہوتے ہیں پس خواب کی یہ تین قسمیں ہیں

http://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/6979